اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، بھکر، لاہور، کراچی اور آزاد کشمیر میں پڑھا جانے والا سب سے بڑا اخبار

ہر خبر پر ہر جگہ نظر

روزنامہ

# زی نیوز

اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف: راجہ ذیشان احمد

Zeenewspak67@gmail.com | 03122148488

جلد: 1 | ہفتہ 8 مارچ 2025ء، 6 رمضان المبارک 1446، 24 پھگن (صفحات 4) قیمت 30 روپے | شمارہ: 587

## ایڈوائزر وفاقی محتسب میاں باسط عزیز خان جھیڈو نے 86 شکایات کا موقع پر ازالہ کر دیا

چشتیاں (رانا شاہد عظیم سے) ایڈوائزر وفاقی محتسب آفس بہاولپور میاں باسط عزیز خان جھیڈو نے مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گئی 86 شکایات کی سماعت کی اور سائلین کے مسائل کو فوری حل کروانے اور انکو مناسب ریلیف فراہم کرنے کیلئے متعلقہ وفاقی محکموں کے نمائندگان کو ہدایات جاری کیں※ اور تمام شکایات کو موقع پر ہی نمٹا دیا گیا. تفصیلات کے مطابق ایڈوائزر وفاقی محتسب آفس بہاولپور میاں باسط اداروں کی بدانتظامی کے خلاف دائر درخواستوں کی سماعت کی اس موقع پر انہوں نے کہا ہے کہ تمام وفاقی محکمے اپنا قبلہ درست کریں، کسی بھی سائل کے ساتھ ظلم وزیادتی ہرگز برداشت نہیں کی جا※ گی اور وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر نہ کریں۔ انہوں نے تمام شکایات کو سن کر موقع پر ہی نمٹا دیا انہوں نے مجموعی طور پر میپکو کے صارفین کو ڈیٹکشن بل کی مد میں تقریب 13 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا اور 9 ڈیفیکٹو میٹرز بھی تبدیل کروا دیئے ۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب میاں باسط عزیز خان جھیڈو نے بہاولنگر کی بستی کے خستہ پول فوری تبدیل کروانے اور kv50 کا ٹرانسفامر کو 2 فیز سے 3 فیز میں فوری تبدیل کروانے کا حکم جاری کر دیا۔ اور بستی صدیقہ اباد منچن آباد کے ایک 100kv کے ٹرانسفارمر کو 200kv میں اپ گریڈیشن کے احکامات صادر کیئے جس پر سائلین نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اور ایڈوائزر میاں باسط عزیز خان جھیڈو کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ اور وفاقی محتسب کے سب آفس بہاولنگر کے قیام کے لئے بھی پرزور مطالبہ کیا ہے۔ مزید براں ایڈوائزر وفاقی محتسب نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے احکامات کی روشنی میں عوام کے مسائل کو حل کروانے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے انتھک محنت اور کوشش جاری رکھیں گے اور اس نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کرتے رہنا ہمارا اولین فرض ہے، انہوں نے کہا ہے کہ ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے. شکایت کنندگان نے اس بات کی تائید کی اور کہا کہ اس سنگین اور پریشان کن دور میں رشوت اور سفارش کے بغیر وفاقی محتسب کے تعاون سے انکو فوری سستا اور مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے انصاف مہیا کیا جاتا ہے اس دوران شکایت کنندگان نے بھی اس بات کو مذید کہا ہے کہ انکی شکایات کا اندراج اور سماعت بذریعہ وٹس ایپ ہو جاتا ہے جو کہ بہت بہترین طریقہ کار ہے#

لاہور، اسلام آباد، ملتان، بہاول پور، سکھر، حیدر آباد، کراچی اور دنیا بھر کی خبریں

ABC

اور ہمارے ذمے تو صرف صاف صاف پیغام پہنچانا ہے (القرآن)

چیف ایڈیٹر
نعیم عباسی

روزنامہ
# بی بی سی

ہر دن
نئی خبر

Bbcbwp@gmail.com
E-PAPER

ڈپٹی ایڈیٹر
شہزاد احمد خان

NEW WORLD NEWS

| جلد: 1 | ہفتہ یکم مارچ 2025ء، 30 شعبان 1446ھ، 15 پھگن (صفحات 8) قیمت 30 روپے | شمارہ: 199 |
|---|---|---|


## وفاقی محتسب آفس بہاول پور، ماہ فروری میں 843 درخواستیں دائر ہوئیں، 60 دنوں میں عوام کو انصاف مل گیا

بہاول پور (یاسر حسین سے) وفاقی محتسب آفس بہاول پور، ماہ فروری میں 843 درخواستیں دائر کی گئی ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انچارج وفاقی محتسب آفس ڈاکٹر محمد زاہد ملک نے ایک ملاقات میں کیا انہوں نے بتایا کہ ماہ فروری 2025ء میں بہاول پور محتسب آفس میں مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف 843 درخواستیں دائر کی گئی ان درخواستوں میں سب زیادہ واپڈا کے خلاف 647 درخواستیں دائر ہوئی جبکہ سوئی گیس بارے 11 درخواستین دائر ہوئی انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل کو حل کروانے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے انتھک

محنت اور کوشش جاری رکھیں گے اور اس نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کرتے رہنا ہمارا اولین فرض ہے، اور ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے۔